https://fbisepastpapers.com

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

# اسلامیات (لازمی) ایچ ایس ایس سی–I

(Curriculum 2022-2023)

## حصہ اول (کل نمبر 10)

**وقت: 20 منٹ**

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.** *Do not use lead pencil.*

حصہ اول لازمی ہے اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Candidate Sign.________**

**Invigilator Sign. ____________**

ہر سوال کے سامنے دیئے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

Q1. **Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

| نمبر | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم کی نبوت کا سب سے بڑا اور زندہ معجزہ ہے: | شقّ القمر | واقعہ معراج | قرآن مجید | واقعہ اسراء | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .2 | آسمانی کتب نازل کرنے کا مقصد بنی نوع انسان کی ہے: | فضلیت | اہمیت | ہدایت | خاصیت | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .3 | اجتماعی خیر خواہی کی صفت اپنانے سے معاشرے میں جذبہ پیدا ہوتا ہے: | اخوت کا | سخاوت کا | عبادت کا | صداقت کا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .4 | حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم کسی کو ذمہ داری سونپتے ہوئے ہمیشہ پیش نظر رکھتے۔ | عمر | قبیلہ | ثروت | صلاحیت | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .5 | تقسیم وراثت سے پہلے حقوق ادا کیے جاتے ہیں: | دو | تین | چار | پانچ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .6 | عقیدہ توحید پر ایمان رکھنے والے کو کہتے ہیں: | مصدق | مؤحد | متقی | صائم | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .7 | قرآن مجید کے صفاتی نام اس کی ظاہر کرتے ہیں: | رفعت | عظمت | قدرت | نعمت | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .8 | کتاب الآثار مرتب کی۔ | امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے | امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے | امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے | امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .9 | امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کا صحیفہ سجادیہ کن مضامین پر مشتمل تھا ؟ | ایمانیات وعقائد | مناجات اور دعا | وعظ ونصیحت | فقہی احکام | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .10 | اسلاموفوبیا کے خاتمے کے لیے نوجوانوں کی ذمہ داری ہے۔ | رویوں اور سوچ کو مثبت بنانا | اسلام پر عمل کرنا | اسلام کی تبلیغ کرنا | اللہ کے راستے میں جہاد کرنا | ○ | ○ | ○ | ○ |

جوابات: i. ج ii. ج iii. الف iv. د v. ب vi. ب

vii. ب viii. الف ix. ب x. الف

FBISE PAST PAPERS

https://fbisepastpapers.com

# فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت یازدہم (HSSC-I)
## ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی)
## (قومی نصاب 23-2022)

وقت: 2:15 گھنٹے — کل نمبر: 40

**نوٹ:** حصہ دوم، حصہ سوم اور حصہ چہارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 10)

**سوال نمبر 2۔ درج ذیل تمام سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔** (5x2=10)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | مکی اور مدنی سورتوں کے مضامین میں دو نمایاں فرق تحریر کریں۔ | 2=1+1 | یا | صحاح ستہ اور اصول اربعہ میں سے ایک ایک کتاب کا نام مع مصنف لکھیں۔ | 2=1+1 |
| .2 | وجود باری تعالیٰ پر کوئی ایک دلیل لکھیں۔ | 2 | یا | کتبِ سماویہ کے نزول کے دو مشترکہ مقاصد تحریر کریں۔ | 2=1+1 |
| .3 | آئمہ اہل بیت اطہار علیہم السلام میں سے کوئی سے چار کے نام تحریر کریں۔ | 2=1+1 | یا | قرآن و سنت کی روشنی میں منشیات کے استعمال کے کوئی سے دو نقصانات تحریر کریں۔ | 2=1+1 |
| .4 | نماز میں خشوع و خضوع کے حصول کی اہمیت پر کوئی سے دو نکات تحریر کریں۔ | 2=1+1 | یا | اسلام کے نظام انصاف میں قانون کی پاسداری کی کوئی دو مثالیں تحریر کریں۔ | 2=1+1 |
| .5 | نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل کے نتیجے میں گھریلو زندگی میں رونما ہونے والی دو مثبت تبدیلیاں لکھیں۔ | 2=1+1 | یا | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں اساتذہ کے حقوق کی پاسداری کی کوئی مثال تحریر کریں۔ | 2=1+1 |

## حصہ سوم (کل نمبر 16)

**نوٹ:** مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔ (8 × 2 = 16)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سوال-3 | عقیدہ توحید کا معنی و مفہوم اور اس کی اقسام بیان کریں۔ | 1+1+6 | یا | آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اپنی ازواج واولاد کے ساتھ حسن سلوک کا ایک ایک واقعہ تحریر کریں، نیز ان سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ | 2+2+4 |
| سوال-4 | تعصب اور خود پسندی کا مفہوم اور دونوں میں فرق لکھیں اور ان اخلاقی رذائل کی وجہ سے معاشرے میں پیدا ہونے والی دو خرابیاں تحریر کریں۔ | 2+2+2+2 | یا | اسلام کے نظام انصاف میں قانون کی پاسداری کی اہمیت لکھیں اور اس کے فوائد و ثمرات تحریر کریں۔ | 4+4 |

## حصہ چہارم (کل نمبر 14)

**سوال نمبر 5۔ درج ذیل آیات اور ان کا ترجمہ پڑھیں اور سامنے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** (3x3=9)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۞<br>سورۃ البقرۃ آیت نمبر 173<br>بے شک اُس نے تم پر حرام کیا ہے مُردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جس پر (ذبح کے وقت) اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے لہٰذا جو (بھوک سے) مجبور ہو جائے (لیکن) نہ سرکش ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو اُس پر (بقدرِ ضرورت کھا لینے میں) کوئی گناہ نہیں بے شک اللہ بڑا ہی بخشنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ | اس آیت میں:<br>الف۔ کن چیزوں کی حرمت بیان کی گئی ہے؟ (02)<br>ب۔ کن حالات میں حرام کھانے کی اجازت دی گئی ہے؟ (01) |
| | یا | |
| | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۞<br>سورۃ البقرۃ آیت نمبر 183 | اس آیت میں:<br>الف۔ روزے کے بارے میں کیا حکم بیان ہوا ہے؟ (1) |

FBISE PAST PAPERS

https://fbisepastpapers.com

| | | |
|---|---|---|
| | اے ایمان والو! تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیا گیا تھا تاکہ تم (نافرمانی سے) بچ سکو۔ | ب۔ گزشتہ امتوں میں روزے کی کیا حیثیت بیان ہوئی؟ (1)<br>ج۔ روزے کا کیا مقصد بیان کیا گیا ہے؟ (1) |
| (ii) | وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۖ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۞<br>سورۃ النساء آیت نمبر 2<br>اور یتیموں کو اُن کے مال ادا کرو اور (اپنی) ردی چیز کو (اُن کی) عمدہ چیز سے نہ بدلو اور اُن کا مال اپنے مال کے ساتھ (ملا کر) نہ کھاؤ بے شک یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ | اس آیت میں یتیموں کے مال کے بارے میں کون کون سے احکامات بیان کیے گئے ہیں؟ (03) |
| | یا | |
| | وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۞<br>سورۃ النساء، آیت نمبر 100<br>اور جو کوئی اللہ کی راہ میں ہجرت کرے وہ زمین میں پناہ کے لیے بہت سی جگہیں اور وسعت (رزق) پائے گا اور جو کوئی اپنے گھر سے اللہ اور اُس کے رسول (خَاتَمُ النَّبِیّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم) کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے پھر اُسے موت آ پکڑے تو اُس کا اجر اللہ (کے ذمہ کرم) پر ہے اور اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ | اس آیت میں:<br>الف۔ ہجرت کے کیا فائدے بتائے گئے ہیں؟ (02)<br>ب۔ اللہ تعالیٰ کی کن صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟ (01) |
| (iii) | مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ښ وَ فِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۞<br>سورۃ التوبة آیت نمبر 17<br>مشرکین کو حق نہیں ہے کہ وہ اللہ کی مسجدوں کو آباد کریں حالاں کہ وہ خود اپنے اوپر کفر کی گواہی دینے والے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال ضائع ہو گئے اور (دوزخ کی) آگ میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ | اس آیت کے مطابق:<br>الف۔ کس کو مسجدیں آباد کرنے کا حق نہیں ہے؟ (01)<br>ب۔ مشرکین کی کیا سزا ہے؟ (02) |
| | یا | |
| | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاۗءٌ مِّنْ نِّسَاۗءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۞<br>سورۃ الحجرات آیت نمبر 11<br>اے ایمان والو! مَردوں کا کوئی گروہ دوسرے مَردوں کا مذاق نہ اڑائے ممکن ہے وہ لوگ اُن (مذاق اُڑانے والوں) سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں دوسری عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے کہ وہ اِن (مذاق اڑانے والیوں) سے بہتر ہوں اور آپس میں ایک دوسرے کو طعنہ نہ دیا کرو اور ایک دوسرے کو بُرے القاب کے ساتھ نہ پکارو ایمان کے بعد فسق بہت بُرا نام ہے اور جو لوگ (اس روش سے) توبہ نہ کریں تو وہی ظالم ہیں۔ | اس آیت میں تین اخلاقی برائیوں کی نشان دہی کی گئی ہے ان کے نام لکھیں۔<br>(3) |

**سوال نمبر 6۔ درج ذیل احادیث مبارکہ پڑھیں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (05)**

| | | |
|---|---|---|
| | **ماشيءٍ أثقل في الميزان من حُسن الخلق، وإنَّ الله يُبغض الفاحشَ البذي**<br>قیامت کے دن مومن کے میزان میں اخلاقِ حسنہ سے بھاری کوئی چیز نہیں ہو گی اور اللہ تعالیٰ بے حیا اور بد زبان سے نفرت کرتا ہے۔ | اس حدیث مبارکہ کے مطابق:<br>الف۔ کون سی چیز میزان میں سب سے بھاری ہے؟ (1)<br>ب۔ اللہ تعالیٰ کس سے نفرت کرتا ہے؟ (1)<br>ج۔ عملی زندگی سے اس کے تعلق کی ایک مثال تحریر کریں۔ (03) |
| | یا | |
| | **اتق دعوة المظلوم فإنها ليس بينها وبين الله حجاب**<br>مظلوم کی بد دعا سے ڈرتے رہنا کہ اس (دعا) اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔ | اس حدیث مبارکہ میں:<br>الف۔ ظالم کو کیا تنبیہ کی گئی ہے؟ (02)<br>ب۔ ہمیں عملی زندگی کے لیے کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟ (03) |

FBISE PAST PAPERS